3624-کیاانگوٹھاچوسنے سے روزہ باطل ہوجاتا ہے

سوال

میں ایک مشکل سے دوچارہوں وہ یہ کہ میں بچپن سے لے کرابھی تک انگوٹھاچوستی آرہی ہوں اوریہ عادت بیماری کی حالت میں اورزیادہ ہوجاتی ہے ۔
مجھے شک ہے کہ آیا یہ حرام ہے کہ نہیں ؟ اورکیااس سے میراروزہ باطل ہوجاتا ہے ؟
میری سہیلی نے مجھے یہ کہا ہے کہ جسم میں کوئی چیزبھی چلی جائے توروزہ باطل ہوجاتا ہے میری آپ سے گزارش ہے کہ جتنی جلدی ہوسکے میرے سوال کاجواب دیں کیونکہ عنقریب رمضان شروع ہونے والاہے اورمیں اس معاملے سے شرم محسوس کرتے ہوئے اس معاملے میں کسی سے بات نہیں کرتی حتی کہ اپنے خاوند سے بھی نہیں ۔

پسندیدہ جواب

آپ اس عادت کوچھوڑنے کی کوشش کریں اورجب بھی یادآئے اپنے انگوٹھے کومنہ سے کھینچ لیں توجوکچھ جہالت اوربھول کی حالت میں آپ سے سرزدہوچکا ہے وہ آپ کے روزے کوکوئی نقصان نہیں دے گا ۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کافرمان ہے : (اللہ تعالی نے میری امت سے خطاء اورنسیان (غلطی) اورجس پروہ مجبورکیے گئے وہ معاف کردیا ہے) سنن ابن ماجہ حدیث نمبر-(2033) صحیح الجامع -(1731)

واللہ اعلم .